گر شدی ایں وصف ہم بروے تمام ⁂ منکسر شانش شدی پیش عوام
شوکت اسلام میں ہوتا خلل ⁂ کہتے یہ کفار کلمہ برمحل
دی شکست آخر پیمبرؐ کے تئیں ⁂ یعنے اس سردار محشر کے تئیں
دین میں بس صاف آتا اختلال ⁂ کسر شان دین ہو جاتی کمال
اور اگر مخفی شہادت پاتے آپ ⁂ ناگہاں پوشیدہ مارے جاتے آپ
جس طرح بعضے خلیفوں کا ہے حال ⁂ جو نہیں شہرت کو پہنچا ہے کمال
بعضے واقف اس سے ہیں بعضے نہیں ⁂ اور نہیں مشہور ہے وہ ہر کہیں
یوں شہادت پاتے گر خیر البشرؐ ⁂ کب یہ وصف عالم میں ہوتا مشتہر
بلکہ اس میں کچھ نہ تھا فخر نبیؐ ⁂ کیونکہ یہ پوری شہادت بھی نہ تھی
ہے شہادتِ کاملہ کا یہ طریق ⁂ کشتہ ہوویں لوگ اور سارے رفیق
جو سفر میں اور سختی ہو کمال ⁂ تشنگی اور بھوک سے ہوں خستہ حال
نعش ہو اوسکی زمیں پر خوار زار ⁂ کشتہ ہوویں گرد اوسکے بے شمار
یعنے کشتہ ہوں عزیز اور یار سب ⁂ اور ہو مال اوسکا غارت بے سبب
ہوں گرفتار اوسکی ساری عورتیں ⁂ گریہ و زاری یتیم اوسکی کریں
خالصاً للہ باتیں ہوں تمام ⁂ سب شہادت سے ہو کامل لاکلام
الغرض تھا ہر طرح اس میں فساد ⁂ جانتا تھا خوب وہ رب العباد

بیان مخصوص ہونا شہادت خفی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو

جو شہادت دو طرح پر ہوئی ایک خفی دوسری جلی خفی حضرت حسن کو

مثل آئینہ کیا حسنین کو ‎ ‎ دیدہ حال سید کونین کو

چونکہ آں نور خدا تقسیم شد ‎ ‎ نور اول احمد با میم شد

فاطمہ آمد ازاں نور الٰہ ‎ ‎ بضعۃ مِنّی براں باشد گواہ

آں عفیفہ با علیؓ تزویج یافت ‎ ‎ ہمچو ماہ و مہر بازآں نور تافت

شمعہائے نور آں ہر دو کرم ‎ ‎ شبر و شبیر یک نورے دو نام

ہر یکے نور نبیؐ نور خدا ‎ ‎ موج از دریا کجا باشد جدا

بر سرِ شاں ہرچہ آمد از الم ‎ ‎ رفت آں بر فرق سلطان امم

چوں لب نوش حسنؓ سم نوش شد ‎ ‎ لعل شیرین نبیؐ خاموش شد

زیر حلقش ریزۂ الماس شد ‎ ‎ قاطع امعاء خیر الناس شد

گشت اخضر رنگ روئے آں صبیح ‎ ‎ سبز شد چشمہ شہنشاہِ ملیح

بعد نوبت او حسینؓ ہم شد شہید ‎ ‎ رفت بر فرق نبیؐ تیغ یزید

نیز بر پیشانی آں مہ جبیں ‎ ‎ خون رواں بر روئے ختم المرسلیں

سینۂ او مورد طعن سناں ‎ ‎ پارہ پارہ مصدر صدر نشاں

از جراحتہا تنش خونبار شد ‎ ‎ غرق بحر خوں شہ مختار شد

سر بریدش تیغ بُرّان جفا ‎ ‎ گشت بے پیکر سر بدر الدجیٰ

تشنگی آں اسپر و تشنہ لب ‎ ‎ خشکی لبہائے سلطان عرب

اسپ او مغفور تیغ اہل رے ‎ ‎ ناقہ خیمہ او را گردید پے

بیان مخصوص ہونا شہادت جلی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو

جو کہ قسمت میں ہے وہ ہوگا ضرور
بھاگنا تقدیر سے کیا ہے ضرور

دست قدرت نے جسے جو لکھدیا
اسقدر لاریب اسکو ہوئیگا

خالی کب اس کا ارادہ جائے ہے
ہر طرح ہر وضع سے پیش آئی ہے

جو کہ بہتر ہیں اونھیں رتبہ ہے اور
ماسوا اوروں کا کچھ ہے اور طور

اب سُنو حالِ حسینؓ ابن علیؓ
ہیں نواسے چھوٹے حضرتؐ کے وہی

دو تنزی جو تھی شہادت مشتہر
وہ ہوئی اونکے تئیں باکرّوفر

بسکہ وہ اعلام رکھتی تھی تمام
مطلع اُس سے ہوئے خاص و عام

تھا خدا کو کرنا اُس کا آشکار
وحی بھی نازل ہوئی دو چار بار

لائے جبرئیلؑ اور فرشتے بھی خبر
تاکہ آگاہ اُس سے ہوں خیر البشرؐ

ذکر تعیینِ مکان واقعہ
شرح تقدیر زمانِ واقعہ

یعنے ارضِ ماریہ ہے وہ مقام
جس جگہ پر قتل ہوویگا امام

اور ہنگامِ شہادت ہے یہ بس
ہوویگا ہجرت سے اکسٹھواں برس

پھر امیر المومنینؓ نے دی خبر
کر دیا اس واقعہ کو مشتہر

جب سفر صفین کا ان کو ہوا
واقعہ کرب و بلا کا سب کہا

بعد ازاں یہ حادثہ جدم ہوا
حق نے کتنی طرح سے واضح کیا

ایک اس شہرت سے ہی یہ ماجرا
واقعہ جبدم شہادت کا ہوا

کربلا کی خاک وہ خوں ہو گئی
لائے تھے جبرئیلؑ جو پیش نبیؐ

حسنین رضی اللہ عنہما کو

اب اشارہ اسطرف کرتا ہوں میں — باتیں جو اس جا تعلق رکھتی ہیں
یعنے وہ دونوں نواسے آپ کے — لخت دل اور بیٹے اس سرور کے تھے
بسکہ ہیں یہ دونوں فرزند نبیؐ — یہ شہادت تھی شہادت آپ کی
جو کہ گذرا حال ہے حسنینؓ پر — تھا بعینہ سید الثقلین پر
اور فرزندی ہے ثابت دو طرح — جس کے سننے سے ہو مومن کو فرح
اولاً سب لوگ ہیں یہ جانتے — تھے نواسے یہ رسولؐ اللہ کے
اور نواسا جد کا ہے لخت جگر — ہے نواسے کے تئیں حکم پسر
حضرت عیسیٰؑ بھی اسی واسطے — آل اسرائیل میں داخل ہوئے
کیونکہ ہم مریم بنت عمراں بایقیں — حضرت اسرائیل کی اولاد تھیں
ماں کی جانب سے نسب اونکا ملا — جا کے اسرائیلیوں میں برملا
سنئے اسرائیل کی تحقیق اب — حضرت یعقوبؑ کا ہیگا لقب
بس اسی انداز سے حسنینؓ بھی — تھے نواسے پر ہیں فرزند نبیؐ
قسم ثانی یہاں سے بنتی بریا — آپنے بیٹا انہیں اپنا کیا
بارہا فرماتے تھے خیر البشرؐ — جانو تم حسنینؓ کو میرا پسر
کتنی وجہوں سے ہے ثابت یہ مقال — اک روایت کا سنو ابیں ہے حال

روایت حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہٖ و اصحابہ وسلم کا

بیان حسنینؓ کا جمال

حسن ابن عباس سے حسنین ابن علی سے اس طرح ہے کہ کرالفت
رتبہ حسنین کا ہے اے اسقدر زینت سے
تھی حبیب ان کے لیے اپنے حبیب النبیین
دوست ان کا دوست ہے بھی تھا انہیں
دشمن ان کا مجھ سے

بیان دوسری وجہ جو حسنین
رضی اللہ عنہما کا آئینہ محبوب
خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کا ہونا ہے

محمدی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم لئے معاینہ کے لیے

بمنزل آئینہ کے ہونا

آگے اب سنئے کہ فرزندی سوا
جس سے تھی انکی شہادت بالیقیں
تھے یہ مرآت کمالِ فرزندی
تھا جمالِ احمدی بیشک عیاں
یہ طریقہ دو طرح ثابت ہوا
پہلے رکھتے تھے سیادت مطلقہ
یہ نہ تھا سردار وہ تھے بعض کے
ناکوئی اس بات کا لاوے خیال
تھی سیادت اس سبب انکو حصول
اور محدث کرتے ہیں اسکا بیاں
ہیں وہ سردارِ جوانانِ بہشت
غیر عیسیٰؑ اور یحییٰؑ ہر جواں
اس ہی رتبہ کے ہیں اے اہلِ دیں
جس کسیکو بغض ہو حسنینؑ کا

اور بھی حسنینؑ میں اک امر تھا
داخلِ اوصافِ ختم المرسلیں
بہر دیدار جمالِ احمدیؐ
دیدہ سے حسنینؑ کے اے دوستاں
اس طرح سے ہے بیاں اسکو کیا
یعنے سرداری تھی ان کو تامہ
بلکہ خلق اللہ کے وہ سردار تھے
تھے دو بیٹے فاطمہؓ کے بیمثال
بلکہ ہے اس امر میں حکم رسولؐ
جو کہا خیر البشرؐ نے بے گماں
جن سے دونی ہو گئی شان بہشت
رتبہ جنت میں ایسے کم ہیں جواں
ان کی حُبّ ہے حبِ ختم المرسلیںؐ
ہے وہ دشمن صاحبِ قوسین کا

وہ بیان اس طرح سے ہے بیان
سمجھو اس میں سبب ان کو ہے ترجمان
تھی وہ صورت جب نبی مصطفےٰ
دیکھنا تھا جب رسول اللہ دیں

بیان تیسری وجہ

دیکھ بخاری یوں انسؓ سے کا نقل
سب کرو یاد اور ہے گر ہوش عقل
تھا نہیں کوئی مشابہ بار سول
جیسے تھے وہ شبیہ حسنؓ ابن بتولؑ
اور یوں ہی کہتے تھے درحق حسینؓ
تھے وہ اشبہ بار سولِ عالمین
ترمذی نے اسطرح کی ہے نقل
نقل کی حضرت علیؓ نے تفصیل وار
بیچ کے ہے سرتک تھا مشابہ اسکا
تھا مشابہ اسفل جسم حسینؓ

اور تن اسفل تھا بعینہ صاحب کو لاکر جدا
الغرض تھے ہو بہو دونوں جدا
درمیانِ جسم دو جانِ مصطفےٰ

بیان مختصر سبطالم
کی بزرگی کا

بیان کرو جو بیاں ہو چکا ہے کا ہے علم
بعد ازاں حال شہادت کو عیاں
سبط

بیان شہادت حضرت امام حسنؓ جعدہ پرچھتا

سبطِ اکبر کے سنو بیٹے کمال
جعفر صادق امامِ مقبلاں
سیدِ عالم حسنؓ ابن علیؓ
راہِ حق میں اسقدر سرگرم تھے
گو کہ گھوڑے تے سواری کو کھڑے
بخشا سب راہِ خدا میں اپنا مال
اس طرح دو بار حضرت نے کیا
کچھ نہ رکھا پاس جز نامِ خدا
تین بار ایسا کیا تقسیم مال
نعل اور موزے تلک ایسا کیا

پھر سنو انکی شہادت کا بھی حال
باپ سے کرتے ہیں اپنے یوں بیاں
سرورِ گیتی ولی ابن ولی
پندرہ حج تھے پیادہ پا کئے
ملتفت ان کی طرف ہوتے نہ تھے
کچھ نہ لائے مطلقاً اس کا خیال
بخشا سب راہِ خدا میں جو کہ تھا
مرحبا کیا جود تھی صد مرحبا
بخشا آدھے کو براہ ذوالجلال
ایک رکھا ایک اس میں بھی دیا

بیان تاریخ شہادت امام حسنؓ

اب شہادت کا سنو حضرت کے حال
سالِ رحلت جب لگا انچاسواں
تھی ربیع الاولیں کی ابتدا

ہے اصح اور معتبر تر یہ مقال
تب ہوئے وہ دارِ فانی سے رواں
یا کہ تھی شہرِ صفر کی انتہا

قولِ ثانی ہے مگر مشہور تر
ہے زبانِ خلق پر مذکور تر

[illegible]

ہاں ارادہ ہے کروں اسکو ہلاک ۔ آپ کو جس نے کیا ہے دردناک
تب کہا اُن سے حسنؑ نے برملا ۔ جس پہ میرا ہے گماں گر وہ ہوا
حق تعالیٰ اسکو بدلا دیگا سخت ۔ قہر میں اسکو وہ اپنے لیگا سخت
تم سے اور ہم سے ہے وہ عالی مقام ۔ اُس سے لیویگا وہ بھی انتقام
گر نہیں وہ شخص جس پر ہے خیال ۔ میں نہیں خواہاں بربّ ذوالجلال
قتل ہووے فائدہ میرے سبب ۔ اس عمل سے پاک ہو دی کیا عجب
پھر کے فرمایا حسنؑ نے یہ کلام ۔ پیشتر مجھکو پلایا سم کا جام
مجھپہ تو گذری نہ ایسی تھی کبھی ۔ اسکے بارے جیسی یہ حالت ہوئی
ہوگیا ٹکڑے جگر میرا تمام ۔ کردیا آخر کو اس نے میرا کام
پھر کیا حضرت نے بعد انتقال ۔ تھا مدینے میں قیامت کا سا حال
غم کی بدلی سب کے دل پر چھاگئی ۔ زردی چہرے پر سبھوں کے آگئی
دل ہوا کلفت سے سارا چاک چاک ۔ عیش و عشرت نے اوڑائی سر پہ خاک
پڑگئے ناسورِ غم دل میں تمام ۔ سب لگے رونے وہاں پر خاص و عام
شعلۂ دل پہنچا تھا ہفتم فلک ۔ غم میں تھے کیا انس کیا جن و ملک
ہوگیا گھر سارا وہ ماتمکدہ ۔ جو نظر آتا تھا وہ آفت زدہ
شور آہ و نالہ یہ برپا ہوا ۔ تھا قیامت کا سماں پیدا ہوا
جیب و داماں چاک سب کا ہوگیا ۔ جو کہ گذرا اس جگہ پر رو گیا

بیان تاریخ تولد و عمر مبارک امام حسن رضی اللہ عنہ کی

[illegible]

بیان واقعہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا

[illegible]

اب سنو جہری شہادت کا بیان
ہے حسینؑ ابن علیؓ کا ماجرا
اب کرو اس حادثہ کو زیب گوش
ابن سفیان امیر شام کا
تخت پر بیٹھا یزید پر جفا
تھا رجب اور ساٹھواں ہجرت ۶۰ سال
ے عرب سے تا بہ مصر و روم و شام
تھا جہاں تک حکم اس بیدین کا
ہیں مسلماں جتنے ہر اک ملک میں
اور اک نامہ لکھا سوئے ولید
تھا مدینہ کا وہ عامل بد نہاد
ہیں مدینہ میں حسینؑ ابن علیؓ
نامہ اس مضمون کا جب پہنچا وہاں
اوسکی ہرگز آپ نے بیعت نہ کی
تھے جگر زہرا کے اور آل رسولؐ
جب مدینے میں ہوا یہ ماجرا
چارم شعبان کیا وہاں سے سفر

جس کے ماتم میں ہیں سب کون و مکان
اس ولی ابن ولی کا ماجرا
جسکے سننے سے اڑے جاتے ہیں ہوش
کوچ جب اس دار فانی سے ہوا
سلطنت پر باپ کی قابض ہوا
جبکہ بیٹھا تخت پر وہ بد خصال
تھا عمل میں اس شقی کے باتمام
اوس نے ہر اک جا پہ یہ نامہ لکھا
انکو لازم ہے میری بیعت کریں
اور کیا ثبت اس میں یہ حکم شدید
ذو فنون تھا اور بڑا اوازون نژاد
تم طلب ان سے کرو بیعت مری
کی طلب بیعت کی او نے اُس نے ماں
تھا شرابی وہ لعین تھا اور شقی
اوسکی بیعت کس طرح کرتے قبول
ہو منغض کوچ مکہ کا کیا
آ کے مکے میں رہے وہ نامور

بیان شہادت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی

پہنچے جب کوفہ میں مسلمؓ ایک بار — جمع لوگ اس جا ہوئے بارہ ہزار
پاکہ تھا اس بھی زاید اژدحام — جمع تھے کوفہ میں سارے خاص و عام
ہاتھ پر مسلمؓ کے بیعت سب نے کی — جان و دل سے انکی نصرت سب نے کی
والیِ کوفہ وہاں نعمانؓ تھے — تھے صحابی وہ رسول اللہ کے
مطلع جو دم ہوئے اس بات سے — کچھ نہیں مانع ہوئے اور چپ رہے
وہاں پہ مسلم ایک تھا ابن یزید — اور عمارہ ناخلف ابن ولید
سب نے اس مضمون کا اک نامہ لکھا — بھیجا وہ سمت یزید بے حیا
آکے مسلمؓ داخل کوفہ ہوا — اہل کوفہ نے کی بیعت برملا
یعنی از ہر حسینؓ ابن علیؓ — ہاتھ پر مسلمؓ کے بیعت سب نے کی
اور والیِ یہاں کا نعمانؓ بشیر — دل سے ہے اس بات بن انکا شریر
نہ کسی سے یہاں تعرض کچھ کیا — نہ کسی سے مطلقاً مانع ہوا
جبکہ پہنچا نامہ یہ پیش یزید — بغض دل میں ہو گیا اسکے مزید
وہاں سے نعمانؓ کو معطل کر دیا — اور عبید اللہ کو حاکم کیا
والی بصرہ عبید اللہ تھا — جائے نعمان آکے وہ حاکم ہوا
اور ڈرایا اہل کوفہ کو تمام — سب پریشاں ہو گئے وہاں خاص و عام
لوگ جو مسلمؓ کے وہاں ہمراہ تھے — او سکے ڈر سے سب پریشاں ہو گئے
آخرش مسلمؓ جو تھے ابن عقیلؓ — کچھ نہ سوجھی اس سوا انکو سبیل

پھر عبید اللہ نے اونسے کہا
گفتگو ان سے کرو تم برملا

دیں رفاقت چھوڑ یہ مسلمؓ کی سب
ہو وینگے مال پر یکدیگر آگے اب

ان کے کہنے سے جدا سب ہوگئے
شام تک بس پانسو آدم رہے

بعد اس کے جب ہوئی شب تیرہ فام
جو کہ باقی رہ گئے تھے تا بہ شام

ان سبھوں نے آخر اپنی راہ لی
ایک نے انکی رفاقت بھی نہ کی

پھر تو مسلمؓ اس جگہ تنہا رہے
تھا نہ کوئی شخص وہاں پاس آپکے

جس گھڑی یا ور نہ وہاں کوئی رہا
قصد پھر مسلمؓ نے چلنے کا کیا

جلد جلد اپنا بڑھایا پھر قدم
اور سرعت سے اٹھایا پھر قدم

راہ طے کرتے چلے جاتے تھے وہ
خوف کچھ دل میں نہیں لاتے تھے وہ

پہنچے آخر گھر میں اک عورت کے جا
اور اس عورت کا طوعہ نام تھا

آپ نے اس سے کیا پانی طلب
لائی وہ پانی پیا حضرت نے سب

پھر وہ اپنے گھر میں انکو لے گئی
جائے حضرت کو وہاں رہنے کو دی

اور عورت ایک رکھتی تھی پسر
اسکو مسلمؓ کی ہوئی جو دم خبر

تھا محمد ابن اشعث کا غلام
اوس نے پہونچایا اسی جا پر پیام

یہ خبر بھیجی عبید اللہ کو
ابن اشعث نے وہ تا آگاہ ہو

اس نے بھیجا ابن اشعث کو وہاں
اور عمر ابن حریث سے ہاں

حضرت مسلمؓ کا تھا جس جا مقام
ہوگیا سب کا وہاں پر ازدحام

بیان روانہ ہونا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا طرف کوفہ کے

کوچ جب حضرت نے اس جا سے کیا — ہر کوئی اس بات سے مانع ہوا
ابن عباسؓ اور تھے ابن عمرؓ — اور جابرؓ اس جگہ نیکو سیر
اور بھی اصحابؓ سب مانع ہوئے — ایک کا کہنا نہ مانے اور چلے
بعد ازاں یہ آپ نے کلمہ کہا — اسطرح حضرت علیؓ سے ہی سُنا
وہ یہ کہتے تھے رسولِ مجتبےٰ — اس طرح فرماتے تھے بدر الدجےٰ
ہے وہ دنبہ ذبح جو ہووے یہاں — یعنے بیت اللہ کے ہو درمیاں
اور ذبح اس جگہ پر ہے حرام — گر ہو دنبہ کچھ نہیں اسمیں کلام
یہ نہیں خواہش کہ میں دنبہ ہوں — خون اس بلدے میں میں اپنا کروں
جو کہ ہونا ہو گا شرطی ہوئیگا — اس مکاں میں ہو سو وہ باہر بھلا
تاکہ حرمت رہوے بیت اللہ کی — بات جو خیر البشرؐ نے تھی کہی
یہ کہا اور اس جگہ سے پھر چلے — اور بیاسی آدمی ہمراہ تھے
اہلبیت اس میں تھے اور باقی تھے یار — تھے وہ سب حضرتؓ کے دلسے جاں نثار
درمیانِ راہ جب پہنچے حسینؓ — قتل مسلمؓ کا سُنا با شور و شین
اور پھر جانا جماعت کا تمام — اور پریشاں ہونا خلقت کا تمام
جب سنی ازباب کوفہ کی دغا — قصد پھر حضرت نے مکّے کا کیا
بھائی مسلمؓ کے جو بس ہمراہ تھے — تھے ممد وہ اور معاون آپ کے
عرض کی اے صاحبِ عالی صفات — ہمکو سوگند خدائے پاک ذات

ہے یہ سب کرب و بلا اپنے نصیب | کشتہ ہونگے اس جگہ ہم عنقریب
بعد ازاں حضرات کے جو ہمراہ تھے | اور ترے سب اس سرزمیں پر آنکے
اور اتارا وہاں اسباب سفر | جو کہ تھا ہمراہ شاہ بحر و بر
کرنے بھی وہاں پہ کیا اپنا مقام | روبروئے خیمۂ ذو احتشام

بیان بھیجنا عبید اللہ ابن زیاد کا لشکر بدنہاد کو واسطے قتل حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے

بے ادب ہونا نہیں بہتر دلا | جو کہ ہو انداز سے وہ ہے بھلا
جو کہ ہیں کم ظرف اور کم حوصلہ | تھوڑے ہی پر ہیں مچلاتے ولولہ
صاف جاتے ہیں خدا کو دل سے بھول | حکم سے خالق کے کرتے ہیں عدول
اولیا کو آپ سا ہیں جانتے | حق کو باطل سے نہیں پہچانتے
یہ نہیں ہیں جانتے وہ روسیاہ | اس میں ہو گی عاقبت آخر تباہ
تھا عبید اللہ جو ابن زیاد | بانی ظلم و جفا شر و فساد
جب سنا اس نے کہ سبط مصطفیٰ | آکے پہنچے تا بدشت کربلا
شقی لعیں نے آپ کو نامہ لکھا | اور کرکے بند قاصد کو دیا
تھی خلاصہ یہ غرض پیغام کی | تا کریں بیعت امیر شام کی
جبکہ اس خط کو لے آیا نامہ بر | شاہ دیں نے پڑھ کے وہ مضمون شر

بیشتر اس فوج میں وہ لوگ تھے ۔ جو کہ مسلم سے تھے بیعت کر چکے
الغرض کرشاہ دیں سے سب عدول ۔ ہو گئے تھے دشمنِ آلِ رسول

بیان قتال کرنا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے اصحاب کا فوج اشقیا سے اور شہادت پانا اصحابوں کا

جب ہوئے اس بات سے واقف حسینؓ ۔ یعنے وہ ختمِ رسل کے نورعین
جمع جو یہ ہیں گروہِ اشقیا ۔ ساتھ میرے سب لڑینگے برملا
آپنے یاروں سے اپنے یہ کہا ۔ کھود و خندق گرد خیمے کے ذرا
اک طرف سے راہ کل باقی رہے ۔ بس وہی رہ آنے جانے کی رہے
حکم جس صورت سے حضرت نے کیا ۔ وہیں فی الفور اس طریقے پر ہوا
بعد اس کے لشکر ابن سعد کا ۔ مستعد پھر جنگ حضرت پر ہوا
پارۂ دل تھا جو زہراؓ کا حسینؑ ۔ اور رسولِ مجتبیٰ کا نور عین
آن کر انکو احاطہ میں کیا ۔ ازدحام ایسا پہ لشکر کا ہوا
شاہِ دیں نے جب یہ دیکھا ماجرا ۔ ہر طرف سے ہے ہجومِ اشقیا
آپ نے بھی حکم یاروں کو کیا ۔ تا مسلح ہو کے نکلیں برملا
پھر کھینچی جس وقت تیغ آبدار ۔ تھی قیامت اس جگہ پر آشکار
تھے جو اصحابِ شہ کون و مکاں ۔ کیا شجاعت کا کروں انکی بیاں

بیان شہادت پانا شاہِ کربلا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا

اے مسلمانوں یہ ہے رونیکی جا
قتل ہوتا ہے حسینؑ کربلا

خاندان مصطفےٰؐ ہوتا ہے قتل
نورِ چشم مرتضےٰؓ ہوتا ہے قتل

گلشن احمد پہ آتی ہے خزاں
شاخ سے گل کو گراتی ہے خزاں

ظلم کی چلتی ہے تیغ آبدار
ذبح ہوتا ہے حسینؑ نامدار

ہو رہا ہے ہر طرف شور و فغاں
ہے فلک کی آنکھ سے آنسو رواں

باغ جو سرسبز تھا کٹتا ہے اب
بےگنہ بےجرم بےتقصیر سب

فاطمہؓ کے لعل کا کٹتا ہے سر
کیوں نہ پانی سنگ کا ہووے جگر

خاک میں ملتی ہے آلِ مصطفےٰ
چاہتی ہے گل ہو شمع مرتضےٰ

اشقیا کا سب طرف سے ہے ہجوم
مچ رہی ہے ہر طرف ناہونکی دھوم

سب گئے مارے نہیں کوئی شفیق
ہے فقط ذاتِ خدا ان کی رفیق

مونس و ہمدم نہیں کوئی رہا
ہے فقط چشم و چراغ مصطفےٰ

کیوں نہ ہو ہر ایک کے ٹکڑے جگر
قتل سبطِ مصطفےٰ کی ہے خبر

یعنے جسدم قتل سارے ہو گئے
اور امیر کربلا باقی رہے

نہ رہا کوئی رفیق انکا وہاں
تھا مگر باقی خداوند جہاں

صاف

صاف تھا چہرہ جو وہ پرخون کا — خون سے روئے زمیں گلگوں ہوا

آہ جس چہرے کا بوسہ لیں رسولؐ — زخمکاری اسکو یوں ہو حصول

آہ جو خیر البشر کا ہو جگر — ظلم کے اسکو لگیں تیغ و تبر

پھر سنان ابن انس آیا وہاں — اور لگائی اس لعین نے اک سناں

واہ کیا مہمان کی تعظیم کی — آب و دلنے بن رہے آل نبیؐ

آخرش پانی کی جا دی آب تیغ — اور عوض نان کے سناں دی بیدریغ

آیا پھر بعد اسکے خولی نابکار — تاکہ سر حضرت کا کاٹے ایکبار

لرزہ اس کے ہاتھ میں پیدا ہوا — کاٹنے سے سر کے بس وہ رک گیا

آیا پھر خولی کا بھائی بدنہاد — نام اس کا جو شبل ابن زیاد

اس لعیں نے سر کیا تن سے جدا — اور خولی کے حوالے کر دیا

آہ وہ سر اس مصیبت سے کٹے — جس کا تکیہ زانوئے احمدؐ بنے

بعد ازاں شمر لعیں نے یہ کہا — حکم اس خیل شیاطیں کو دیا

اپنے اپنے ہو کے گھوڑے پر سوار — روندو تم نعش مبارک ایکبار

اس طرح سے ان لعینوں نے کیا — نعش کو ٹاپوں سے گھوڑے کے ملا

پڑ گیا اسدم زمیں میں زلزلہ — ہوگیا جن و ملک پر ولولہ

آسماں سے خون کا دریا بہا — اور جنوں نے مرثیہ غم کا پڑھا

پھول ہو جس جسم نازک پر گراں — ہائے ہو ٹاپوں کا اس پر یوں نشاں

[illegible]

بیان تاریخ شہادت
دیکھئے تحقیق عمر مبارک
حضرت امام حسینؓ

یہ شہادت روز عاشورہ ہوئی [illegible]

عمر تھی حضرت کی چھپن سال کی
اور مہینے پانچ اور دن پانچ بھی

روایت جبرئیل و بتانا جناب
پیغمبرؐ کا حضرت امام کی
شہادت سے واقف ہونا

ہے بیاں اس بات کا یہاں پر ضرور
کتنے اہل بیت اس جا ساتھ تھے
پانچ بھائی آپ کے ہمراہ تھے
ایک عثمانؓ دوسرے عباسؓ نام
پانچویں اس میں سے عبد اللہ تھے
تھے علیؓ کے بیٹے یہ پانچوں تمام
تین بیٹے تھے حسنؓ کے نیک ذات
اور عبد اللہ تھے اس میں تیسرے
بھتیجے لکھتے ہیں ابو بکرؓ و حسنؓ
اور تھے دو بیٹے حضرت کے وہاں
اس غزا میں اشقیا کے ہاتھ سے
اور چھوٹے بیٹے عبد اللہؓ تھے
جن کو کہتے ہیں علی اصغرؓ تمام
گود میں تھے قتل گہ میں آپکے
تیر کے لگنے وہ رشکِ ماہِ عید
اور تھے اس جا پسر جعفرؓ کے دو
دوسرے کا نام ان میں عونؓ تھا

تاکہ واقف ہویں سب نزدیک و دور
قتل جو ہمرہ حضرت کے ہوئے
سب جلیل القدر عالیجاہ تھے
اور محمد اور جعفرؓ خوش کلام
سب کو وہاں درجے شہادت کے ملے
نیک خصلت نیک خو عالی مقام
ایک قاسمؓ اور عمرؓ عالی صفات
یہ بھی سب داخل شہادت میں ہوئے
بھی شہید اس جا ہوئے بے ریب وظن
اک علیؓ اکبر تھے ان میں نوجواں
سامنے حضرت کے وہ مارے گئے
حسن و خوبی میں وہ رشکِ ماہ تھے
پیار کرتے تھے بہت ان کو امام
اک شقی نے تیر مارا دور سے
گود میں بس ہوگیا فوراً شہید
ایک ان میں تھے محمد نیک خو
دونوں نے جامِ شہادت وہاں پیا

[illegible]

ابن سعد ہیں اسطرح کرتے بیاں
قول طبرانی کا ہے یہ بے گماں

عائشہ سے لائے ہیں اسکی نقل
تا پیمبرؐ پہونچی ہے اسکی اصل

اس طرح کہتے ہیں ختم الانبیا
دی خبر جبرئیلؑ نے یہ برملا

کشتہ ہوگا میرا بیٹا یہ حسینؑ
یہ میرا آرام دل اور نور عین

مقتل اس کا ہے زمین کربلا
اور لائے خاک وہ وہاں کی اٹھا

اور کہا مجھ سے کہ ہے یہ وہی خاک
جسپہ ہوگا یہ جگر تیرا ہلاک

اسطرح سے کرتے ہیں بغوی کلام
اس سے ہو آگاہ تم اے خاص و عام

روایت دوسری

یہ روایت ہے بہت ہی معتبر
ہیں انسؓ اسطرح سے دیتے خبر

جو کہ باراں پر موکل ہے ملکؑ
او سنے جا ہائے پیغمبر تلک

حکم اسکو حق تعالےٰ نے دیا
اور نازل وہ زمیں پر پھر ہوا

ام سلمہؓ کے تھے گھر خیر البشرؐ
اتر اس جا وہ فرشتہ آنکر

آپ نے یہ ام سلمہؓ سے کہا
یہ نہ ہو گھر میں کوئی آوے چلا

رکھنا دروازے کے گھر کی تم خبر
تا چلا آوے نہ کوئی بے خبر

ام سلمہؓ در پہ بیٹھیں تھیں وہیں
یک بیک آئے حسینؑ مہ جبیں

دوڑ کر کاندھے پہ حضرت کے چڑھے
آپنے الفت سے پھر بوسے دیئے

طوطی نامہ جعفر علیہ الرحمۃ کا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سنو اے طوطیِ روحانیِ من ۔ بکن الفت برنگِ پنجرہ تن
بصد حسرت برآئی آخر از وے ۔ بغفلت الفتِ ایں پنجرہ تا کی
آب و دانہ خود مت بھول طوطی ۔ بخوش الحان خود مت بھول طوطی
نہ ایں آب و نہ ایں دانہ بماند ۔ نہ ایں خانہ نہ صاحبخانہ ماند
نہ تو رہسی نہ یہ پنجرہ رہے گا ۔ بلا کر لال تجکو کیا کہے گا
جو تجکو بات پوچھے لال پیارا ۔ کہ پنجرے بیچ تیں کیا کیا سنوارا
چہ خواہی گفت اے طوطی جوابش ۔ بکن امروز فکر ایں خطابش
دریغا طوطیِ روحانیِ من ۔ کہ گہہ در پنجرہ جسمانیِ تن
نہ گفتی یک سخن از راہ وحدت ۔ نہ ماندی یک نفس با شاہ وحدت
زباں ہر ہزلہ گویہا کشودی ۔ دریغ اوقات خود ضایع نمودی
نمیدانی کہ یہ پنجرہ جو تن کا ۔ گذشد آخر برین حیلہ گفتن کا
کبھی یک سے رہیگا خاک میں جا ۔ نہ جانوں تو کہاں اوڑ جائے گا ہا
بہائی رین تجکو سو دلنے میں ۔ بہا وے دن تجھے دکھ رودنے میں
پیارے لال سے ہوویگا نہ جوڑا ۔ نہ تونے حرص سے کچھ اپنا موڑا

نہ کر کسی پہ ستم سوچ یہ کہ آخر کو — خدا ہی ہے تیرا داد رس وہ داور ہووے گا

اگر چھپائے کسی طرح سے تو اپنا کیا — پر ایک دن کو وہ سب آشکار ہووے گا

ہر اک حلال سے تیرا حساب لیویں گے — ہر اک حرام کا تیرے شمار ہووے گا

تو اپنے کوچ کی کچھ فکر کر یہاں شیدا — کلام سعدی تیرا یادگار ہووے گا

تمام شد

معجزۂ درخت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کر رحم یا خدا خیر الوریٰ کے واسطے — بخش دے مجھکو محمد مصطفےٰ کے واسطے

کر عنایت پیروی اس دو جہاں کے شاہ کی — یا الٰہی دے مجھے الفت رسول اللہ کی

دے ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ کی الفت مجھے — دے علیؓ مرتضیٰ کے عشق کی دولت مجھے

گرچہ عصیاں کا بڑا ہی میرے سر پر بار ہے — پر مرے ستار ستاری تجھے درکار ہے

یوں روایت ہے کہ اک دن ساتھ لیکر اپنے یار — بو جہل آیا نبیؐ کے پاس ہو کے ہوشیار

کوہ پر اس سنگدل نے چڑھ کے حضرتؐ سے کہا — ہو اگر سچے نبی یہ معجزہ دیجے دکھا

گر چہ ہیں گے اس جبل کے یہ نہایت سخت — پھر یہاں سے اس طرح کا ہو پیدا اک درخت

اس کی جڑ سونے کی ہو یا حضرت خیر الانام — ٹہنیاں چاندی کی ہوویں جا بجا اس میں تمام

ہوں زمرد کے وہ پتے اس طرح سے سبز کے تمام — ہو تراوت چشم کو جس سے کہ اے والا صفات

معجزہ ہرنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

راوی جانسوز کہتا ہے نبیؐ نے ایکبار — دیکھی اک ہرنی کہ رسی میں بندھی ہے بیقرار

بولی وہ ہرنی کہ اے میرے نبی میرے رسول — عرض اک کرتی ہوں خدمت میں اگر ہووے قبول

اک شکاری نے مجھے رسی سے باندھا ہے ادھر — میرے بچے بھوکے سوتے ہیں ادھر با چشم تر

دودھ بھی ان کو نہیں ہرگز پلا کر آئی ہیں — جو کہ اس رسی کے رگڑوں کی بلا پر آئی ہیں

اے نبی پیارے مجھے تم کھول دو بہر خدا — دودھ ان بچوں کو جا کر میں پلا آؤں ذرا

بولے حضرت جا کے یہاں سے بھگی تو گر وہاں — میں شکاری کو تیرا دونگا بھلا کیونکر نشاں

بولی وہ ضامن خدا اپنا دیے جاتی ہوں میں — اور لیٹے پاؤں دودھ پلوا کر وہیں آتی ہوں میں

رحم کھایا حال بیکس پر شہ ابرار نے — کھول ڈالی اسکی رسی احمد مختار نے

اتنے میں آیا شکاری دوڑا گھبرایا ہوا — بولا بول ہرنی میری جاتی رہی یہ کیا ہوا

بولے پیغمبر کہ ہم نے تیری ہرنی چھوڑ دی — اور گلے کی اسکے رسی بھی ہمیں نے توڑ دی

دودھ بچوں کو نہیں اپنے پلا کر آئے گی — آئے گی وہ آئیگی ہاں وہ مقرر آئیگی

اس نے ہے ضامن دیا اپنے خدائے پاک کو — تو نہ کر غمناک اب اپنے دل غمناک کو

بولا وہ ہرنی بھگی پھر ہاتھ آئی ہے کہیں — فہم میں بھی کچھ بھلا یہ بات آتی ہے کہیں

تھا ابھی کہتا یہ وہ پیش رسول کائنات — اتنے میں ہرنی بھی آ پہونچی لیے بچوں کو ساتھ

سلام حضرت علیہ السّلام پر

السّلام اے سرورِ دنیا و دیں
السّلام اے رحمۃ العالمیں

السّلام اے سِرِّ حق نورِ خدا
السّلام اے بادشاہِ دوسرا

السّلام اے خاتمِ پیغمبراں
السّلام اے باعثِ کون و مکاں

السّلام اے پیشوائے مرسلیںؐ
السّلام اے دستگیرِ مذنبیں

السّلام اے سرورِ ہر دو جہاں
السّلام اے رہبرِ واماندگاں

السّلام اے فخرِ آدم السّلام
السّلام اے شاہِ اعظم السّلام

السّلام اے مظہرِ اسرارِ حق
السّلام اے نورِ حق انوارِ حق

السّلام اے تاجدارِ مشرقیں
السّلام اے حضرتِ جد الحسینؓ

بہر آل و اہلِ بیتِ طاہریں
رحم فرما سیدِ دنیا و دیں

چارۂ بیچارگاں بیچارہ ہوں
رہبرِ گم گشتگاں آوارہ ہوں

دردِ دل کی چارہ سازی کیجیے
بہرِ حق عاجز نوازی کیجیے

رنج و غم نے بے طرح گھیرا مجھے
آسرا ہر حال ہے تیرا مجھے

اپنے در پر اب بلا لیجیے حضور
بہرِ حق کر دیجیے میرے غم کو دور

اب نہ پھرنے دیجیے مجھکو در بدر
در ہو تیرا یا نبیؐ اور میرا سر

ہو مدینہ میں بسر یہ زندگی
ہجر میں جینے سے ہے شرمندگی

تحفۂ صلوٰۃ وسلام بحضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا نبی تم پیشوا ہو الصلوٰۃ والسلام — مقتدا ہو رہنما ہو الصلوٰۃ والسلام

تم ہی ختم الانبیا ہو الصلوٰۃ والسلام — مظہر شان خدا ہو الصلوٰۃ والسلام

تم حبیب کبریا ہو الصلوٰۃ والسلام — تاجدار اہل اصفا ہو الصلوٰۃ والسلام

جلوۂ دیدار اقدس سے مشرف کیجیے — اب تو حاصل مدعا ہو الصلوٰۃ والسلام

ہو طواف کعبہ حاصل آرزوئے دل ہے یہ — لاکھ جاں تم پر فدا ہو الصلوٰۃ والسلام

پہنچکر باغ مدینہ مثل بلبل دمبدم — پھول کر دل کی صدا ہو الصلوٰۃ والسلام

دستگیری کیجیے یثرب میں جا اب دیجیے — سر مرا واں نقش پا ہو الصلوٰۃ والسلام

خاک پر لوٹوں کبھی اور لوں کبھی میں در کو چوم — لب سے یہ ہر دم ادا ہو الصلوٰۃ والسلام

حسرت و غم دور ہو آنکھوں میں تیرا نور ہو — درد دل کی پھر دوا ہو الصلوٰۃ والسلام

اس جمال پاک پر صدقے ہوں آخر جان و دل — دولت رویت عطا ہو الصلوٰۃ والسلام

ہے فدا ہو غیر سے ہو جائے ساری زندگی — اور یہ اپنی غذا ہو الصلوٰۃ والسلام

جان تن سے جبکہ نکلے میری اے جان جہاں — پائے اقدس پر فدا ہو الصلوٰۃ والسلام

تم حبیب کبریا ہو قبلۂ ایمان و دیں — دل مرا قبلہ نما ہو الصلوٰۃ والسلام

ہے عزیز نارسا کی آرزو ماشاہ دیں — تیرے در کا یہ گدا ہو الصلوٰۃ والسلام

تمت

تمام شد

تاج محل فائن آرٹ پریس لکھنؤ

قصیدہ عجیبہ

معجزہ باز و فاختہ

کہوں ایک قصہ نبیؐ پاک کا
ملا جسکو خلعت ہے لولاک کا

کہ ایک دن محمدؐ تھے یاروں کے ساتھ
مدینہ کی مسجد میں کرتے تھے بات

کہ دیکھے میں اک فاختہ اوس گھڑی
لرزتی ہے پیشِ نبیؐ آپڑی

عجب ہو کے پوچھا محمدؐ نے تب
لرزتی پڑی ہے سو ہے کیا سبب

لرزتی پڑی ہے تو کیوں غم سے
کہ دم لینے طاقت نہیں تجھ میں

کہی فاختہ یا رسولِ خدا
کیا باز نے مجھکو گھر سے جدا

ہوئے تین دن گھر سے ویران ہوں
سبب باز کے میں پریشان ہوں

میرے دو بچے ہیں نہیں کچھ خبر
بجز رب کے رکھے کون ان پر نظر

بچوں کے لیے میں نکلی تھی بچارے کے تئیں
یہ کھانے لگا بچہ بچارے کے تئیں

اسی دکھ سے گزرے مجھے تین روز
نہیں چھوڑتا باز پیچھا ہنوز

میں ہوں تو بچوں کی لینی خبر
نبیؐ دور کر دو یہ سب اخطر

میرے سینے میں بھر کے آتا وبال
کہ ہاں بن رہیں بچے کیوں شاد حال

نہ جانوں بچے کرتے کیا ہونگے وہاں
رسولِ خدا مجھ پہ ہو مہربان

محمدؐ میں تم پہ سے قربان ہوں
میرا جی بچا لو میں حیران ہوں

میرا جی ہے قربان بس آپ پر
ہو تم باپ ماں سے مہربان تر

بدن پر نظر کر ہر اک جا میرے — وہ روں گوشت جو مجکو اچھا لگے

کہا باز نے اس گھڑی یوں پکار — سنو بات میری شہِ ذی وقار

دیو گوشت تم اپنے منہ کا مجھے — تو یہ فاختہ آج جی سے بچے

چھری جب لگائے نبیؐ گال کو — کیے غل یہ یاروں نے آرد برو

کہے بوبکرؓ تو میرا گوشت لے — غرض نام احمدؐ کا تو چھوڑ دے

کہا باز نے سُن ابو بکرؓ کو — کہ گوشت آپکا میں نہ لونگا کبھو

کہے پھر عمرؓ گوشت دیتا ہوں میں — میری بات سُن باز فی الحال تیں

کہا باز نے ان کو تم چپ رہو — میری بات میں بات نا تم کہو

سو عثمانؓ کہے باز کے تئیں جتا — میرا گوشت لے بات مت کر ذرا

کہا باز پھر کر یہ عثمانؓ کے تئیں — تمہارا کبھی گوشت لونگا نہ میں

کہے تب یہ مولا علیؓ نے پکار — میرا گوشت لے بات سُن ایکبار

کہا ان کو خاموش پھر باز نے — لگا گوشت منگنے نبیؐ کے کنے

پیچھے شاہ حسنؓ اور حسینؓ امام — کہے باز کو سُن ہمارا کلام

یہ ہم دونوں بھائی کا لو گوشت لے — تو اب دعوے فاختہ چھوڑ دے

کہا باز نے نین ہے بس کسی کا کام — نبیؐ گوشت بن گوشت سب کا حرام

بزاں پھر نبیؐ نے چھری لیکے ہات — کہے باز سے آ ادھر سُن لے بات

کہاں کا تجھے لحم درکار ہے — مجھے جلد کہدے جو کچھ کار ہے

ہمارے کتب خانہ کی جدید بہترین مطبوعات

کرۂ عطار الرحمن

امرد ہوی

پرانی غزلیات کو مات کرنے والی فوٹو والی جدید غزلیات

کتاب	قیمت
گلشن ہند	۳ر
غزلیات ہند	۳ر
غزل کا نیا تحفہ	۲ر
کلام اکبر الہ آبادی	۲ر
محبوب گلدستہ ناگپوری	۲ر
جوہر قوالی	۱ر
انتظار یار	۱ر
محبت کی چوٹ	۱ر
پیام دل	۱ر
جام الفت	۱ر
عمدہ قوال	۱ر
ترانۂ محفل	۱ر
ترانۂ الفت	۱ر
حسن کا مجرم	۱ر
جلوۂ یار	۱ر
رشک لیلیٰ	۱ر
حسن کا تارا	۱ر
پیارو قوال	۱ر
کالو قوال	۱ر
محبت کی مالا	۱ر
کلام اختر	۱ر
کلام بیگم	۱ر
کلام امیر	۱ر
کلام غالب	۱ر
کلام داغ	۱ر
کلام ظفر	۱ر
کلام نشتر	۱ر

کتاب	قیمت
کلام شیدا	۱ر
گلشن رحمت	۱ر
جوگن کی جھولی	۱ر
بازار حسن	۱ر
بہار حسن	۱ر
مصری ناچ	۱ر
بت کافر	۱ر
گلدستہ عید مبارک	۱ر
بہار سخن	۱ر
بہار شیدا	۱ر

مکمل ناٹک [illegible] سوال و جواب کے ساتھ

کتاب	قیمت
لیلیٰ مجنوں	۱ر
شیریں فرہاد	۱ر
اندر سبھا	۱ر
چھوٹا بکاؤلی	۱ر
علی بابا چالیس چور	۱ر
[illegible]	۱ر
بلبل بغداد	۱ر
زرینہ	۱ر
شیام سندر	۱ر
آوارہ شہزادہ	۱ر
افضل حور حرم	۱ر
نقش سلیمانی	۱ر
یہودی کی لڑکی	۱ر
ڈاکو کی لڑکی	۱ر
ستی مہانندا	۱ر
حسن کا غلام	۱ر
مالتی مادھو	۱ر

کتاب	قیمت
رنگیلا راجپوت	۱ر
لال لین	۱ر
عورت کا پیار	۱ر
سیرندھری	۱ر
قسمت کا شکار	۱ر
قاتل مسافر	۱ر
چندی داس	۱ر
فرزند ہند	۱ر
پورن بھگت	۱ر
خواب ہستی	۱ر
بغداد کا چور	۱ر
وسنت سینا	۱ر
غریب کا پیارا	۱ر
سوریہ کماری	۱ر
بھگت پرہلاد	۲ر
ست بیر	۱ر
خاک کا پتلا	۱ر
[illegible]	۱ر
ہندوستان	۱ر
[illegible]	۱ر
[illegible]	۱ر
نور اسلام	۱ر
شان اسلام باغ مصر	۱ر
گن سندری	۲ر
بالا جوبن	۱ر
دیو پری دواہن	۱ر
طلسمی تلوار	۱ر
کالا ناگ	۱ر
ستی ٹیرا	۱ر

کتاب	قیمت
مسمری	۱ر
لوہبی باب	۱ر
زہری سانپ	۲ر
بابا جھنڈر	۲ر
گلرو زرینہ	۲ر
بصری شہزادہ	۲ر

مختلف کتب فوٹو بلاک والی ٹائٹل نہایت نفیس

کتاب	قیمت
شکوہ جواب شکوہ	۳ر
زندہ بھوت	۲ر
باب کلام اللہ	۲ر
عاشق رسول کریم	۲ر
تذکرہ ولادت	۲ر
جمال رحمت	۲ر
پیام رحمت	۲ر
آئینۂ تصوف	۲ر
گنجینۂ اکبری	۲ر
کلام حق مجموعہ	[illegible]
ضرور المؤمنین	[illegible]
مجموعہ [illegible]	۳ر
مجموعہ شہادت نامہ	۲ر
قصہ شاہ زقوم	۳ر
طریقہ فاتحہ	۲ر
اسرار درویش	۲ر
نور نامہ معہ دلہن نامہ	۲ر
سکرات نامہ	۱ر
سخاوت نامہ	۱ر
حجۃ الاسلام	۱ر
وفات نامہ	۱ر

کتاب	قیمت
شادی نامہ	۱ر
نیاز نامہ	۱ر
مناجات اکبری	۱ر
قصہ دائی حلیمہ	۱ر
قصہ شاہ روم	۱ر
بانگ جرس	۱ر
بانگ درا	۱ر
قصہ بی بی مریم	۳ر
زیتون محمد حنیف	۳ر
ملک محمد گیتی افروز	۴ر
ترتیب الصلوٰۃ حنفی	۵ر
ترتیب الصلوٰۃ شافعی	۵ر
مجموعہ بارہ قصہ	۸ر
عورت ڈلہ	۲ر
شجاعت کا ڈنکا	۲ر
یادگار کربلا	۳ر
ذکر ایوب	۳ر
خاتون جنت	۳ر
غوث پاک	۹ر
عملیات رحمانی	۶ر
جنگ حضرت علیؓ	۴ر
حبیب الحجاج	[illegible]
رد ہنود	۳ر
عملیات سلطانی	۶ر
تعلیم نامہ مجلد	۸ر

نوٹ:- ان کے علاوہ عربی فارسی اردو گجراتی ہندی مرہٹی کتابیں ملتی ہیں۔ تاجران کتب سے خاص رعایت کی جاتی ہے۔

حال وارد بمبئی

سلطان حسین تاجر کتب و جنرل سپلائر فا کلیندر وڈ بمبئی